سوال

(449) حدیث نبوی میں میت کی تدفین کے بعد اس کی تثبیت بالقول الثابت دعاء

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

حدیث نبوی میں میت کی تدفین کے بعد اس کی تثبیت بالقول الثابت دعاء کے لیے حکم موجود ہے، لیکن مجھے ایسی واضح روایت چاہیے، جس میں اس خاص موقع پر دونوں ہاتھوں کے اٹھانے کے ساتھ دعاء کرنے کا قولی، عملی یا تقریری طور پر ذکر ہو؟ (رانا محمد جمیل خان (استاذ عربی)، سرگودھا)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

فتح الباری میں ہے: ((وَفِیْ حَدِیْثِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ: رَأَیْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم فِیْ قَبْرِ عَبْدِ اللّٰہِ ذِی النَّجَّادَیْنِ۔ الحدیث، وَفِیْہِ: فَلَمَّا فَرَغَ مِنْ دَفْنِہٖ اِسْتَقْبَلَ الْقِبْلَةَ رَافِعًا یَدَیْہِ۔ [''اور عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کی حدیث میں ہے، دیکھا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو عبداللہ ذی النجادین کی قبر میں۔ اور اس میں ہے کہ جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس کے دفن کرنے سے فارغ ہوئے قبلہ کی طرف منہ کیا، ہاتھوں کو اٹھائے ہوئے۔''] أَخْرَجَہٗ أَبُوْ عَوَانَةَ فِیْ صَحِیْحِہٖ۔ اھ)) [۱۱ ۱۴۴]

۲۱ ۱ ۲۰۰۳ء

[قرآن وحدیث کی روشنی میں احکام ومسائل]

جلد02ص374

محدث فتویٰ